نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے اگیتی کپاس کی کاشت کیلئے سفارشات جاری کردیں

لاہور:15 مارچ 2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق اگیتی کپاس کی کاشت کے لیے فیصل آباد، ساہیوال، سرگودھا، ملتان اور ڈی جی خان کے اضلاع زیادہ موزوں ہیں۔ اگیتی کپاس کیلئے سفارش کردہ وقت کاشت 31 مارچ تک ہے۔ کاشتکار کپاس کی اگیتی کاشت کے لیے ٹرپل جین اقسام (سی کے سی 1، سی کے سی 3، حتف 3، آئی سی ایس 386، سی کے سی 6، CEMB-AAS3 وغیرہ) کاشت کریں۔ کاشتکار بیج خریدکرتے وقت یہ تسلی ضرور کرلیں کہ بیج فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اینڈ رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کا تصدیق شدہ ہو اور خالص ٹرپل جین اقسام کا ہو۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کی اگیتی کاشت کے لیے قطاروں کا باہمی فاصلہ 2.5 فٹ اور پودوں کا باہمی فاصلہ 1.5 تا 2 فٹ رکھیں۔ کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے 75 فیصد سے زیادہ اگاؤ والا 4 تا 5 کلوگرام یا 60 فیصد اُگاؤ والا 5 تا 6 کلوگرام براتراہوا بیج استعمال کریں اور بیج کو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کی مشاورت سے زہر لگا کر کاشت کریں۔

☆☆☆☆